میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 21 محرم، 1438ھ | 22/10/2016 | نمبر: PN16064

حزب التحریر پاکستان کی میگزین ویب سائٹ

نصرۃ میگزین کی ویب سائٹ کا افتتاح

حزب التحریر ولایہ پاکستان اس بات کا بخوشی اعلان کرتی ہے کہ اس نے نصرۃ میگزین کی ویب سائٹ کا اجرا کر دیا ہے۔ اس اہم ویب سائٹ کو **www.nussrah.com** پر دیکھا جا سکتا ہے۔ اب صرف ہاتھ کے ایک اشارے پر ساڑھے پانچ سال قبل شروع کیے جانے والے اس میگزین کے تمام پچھلے شمارے دیکھے جا سکتے ہیں۔ نصرۃ میگزین ایک منفرد میگزین ہے جس میں پاکستان کے مسلمانوں کے لئے اہم بین الاقوامی اور علاقائی ثقافتی، سیاسی، فکری اور فقہی امور پر اسلامی نقطہ نظر پیش کیا جاتا ہے۔

یہ ویب سائٹ مسلمانوں کے لیے ایک نادر ذریعہ ہے جس کے ذریعے وہ پاکستان کے امور کو اپنے دین کی روشنی میں سمجھ سکتے ہیں۔ اس ویب سائٹ کا اجرا اس وقت کیا جا رہا ہے جب موجودہ حکمرانوں کی جانب سے مقامی پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر اسلامی نقطہ نظر کو پیش کرنے پر سخت پابندیاں لگا دیں گئی ہیں تا کہ اسلام کی آواز کو کچل دیا جائے۔ اس ویب سائٹ کا اجرا ان مسلمانوں کے لیے خوشگوار ہوا کا جھونکا ہے جو لبرل، سیکولر نقطہ نظر سے نفرت کرتے ہیں جسے حکومتی سرپرستی میں میڈیا نشر کرتا ہے اور وہ بھی اس ملک میں جو اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا اور جس کے لوگ اسلام کو ہر چیز سے بڑھ کر چاہتے ہیں۔

ہم اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ حزب التحریر ولایہ پاکستان کی اس کوشش میں برکت ڈالے، مسلمانوں کو اس ویب سائٹ سے اپنے دین کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے اور دین حق کے خلاف کفار اور ان کے ایجنٹوں کے منصوبوں کو ناکام بنا دے۔

يُرِيدُونَ أَن يُطْفِئُوا نُورَ اللَّهِ بِأَفْوَاهِهِمْ وَيَأْبَى اللَّهُ إِلَّا أَن يُتِمَّ نُورَهُ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ

"وہ اللہ کے نور کو اپنے منہ کی پھونکوں سے بجھا دینا چاہتے ہیں لیکن اللہ ماننے والا نہیں سوائے اس کے کہ وہ اپنے نور کو مکمل کرے چاہے کفار کو یہ کتنا ہی ناگوار کیوں نہ گزرے" (التوبۃ:32)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس